# 22-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے امرت بھارت ریلوے اسٹیشن اسکیم کے تحت ملک بھر میں 103 امرت بھارت اسٹیشنوں کا افتتاح کیا جن میں تلنگانہ کے تین اسٹیشنس شامل ہیں۔

۲۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے آپریشن سندور کے تحت دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کر کے پاکستان کو منہ توڑ جواب دیا ہے۔

۳۔مرکزی حکومت نے عالمی یوم ماحولیات سے قبل آج ملک گیر بیداری مہم شروع کی۔

اور

۴۔کیرالا پر آئندہ دو تا تین دن میں مانسون چھانے کیلئے حالات سازگار ہیں۔دفتر موسمیات نے آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ریاست میں شدید بارش کی پیش قیاسی کی۔

BHATTI - BANKS

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے بینکوں پر زور دیا ہے کہ وہ راجیو یوواوکاسم اسکیم کے تحت نشانوں کے حصول میں تعاون کریں اور نوجوانوں کو پابند وقت انداز میں خود روزگار کے مواقع فراہم کریں۔راجیو یوواوکاسم کے تحت امداد کیلئے منتخب پانچ لاکھ نوجوانوں کو منظوری سے متعلق دستاویز 2 جون یعنی ریاست کے یوم تاسیس کے موقع پر پیش کئے جائیں گے۔بینکوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اس اسکیم پر بلا رکاوٹ عمل آوری کو یقینی بنانے میں تعاون کریں۔ریاستی حکومت نے اپنی جانب سے راجیو یووا اکاسم کے تحت سبسیڈی کیلئے 6250 کروڑ روپے فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس اسکیم کے تحت تعلیمیافتہ اور ہنرمند نوجوانوں کو خود روزگار کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ اس اقدام سے ریاست کی مجموعی گھریلو پیداوار کو فروغ ملے گا۔ڈپٹی چیف منسٹر نے آج حیدرآباد میں ریاستی سطح کی بینکرس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کیا۔

MISS WORLD

مس ورلڈ 2025ء میں حصہ لے رہی حسیناؤں نے آج ہائی ٹیک سٹی میں شلپارامم کا دورہ کیا اور روایتی دستی ہنر سے متعلق ولیج میوزیم کا مشاہدہ کیا۔حسیناؤں نے اپنی مدد آپ گروپوں کی خواتین اور فنکاروں کے ساتھ مل کر رقص کیا۔

اس پروگرام میں خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر سیتا اکا نے شرکت کی۔ مقابلہ حسن میں شرکت کرنے والی ان خواتین نے اپنی مدد آپ گروپوں کی خواتین کے اسٹالس کا دورہ کیا۔ ان اسٹالس پر ہاتھ سے بنی مختلف اشیاء کی نمائش کی گئی۔ بعد میں حسیناؤں نے وکٹوریہ میموریل یتیم خانہ کا دورہ کیا۔ اس دوران مس ورلڈ مقابلہ اہم مرحلہ میں داخل ہوگیا ہے جبکہ فائنل میں پہنچنے والی 24 حسیناؤں کے ناموں کا اعلان کردیا گیا ہے۔ ان میں میزبان ملک کی نمائندگی کرنے والی مس ورلڈ انڈیا نندنی گپتا بھی شامل ہیں۔ یہ نوجوان خواتین کل عالمی ناظرین کے روبرو اپنے انوکھے ہنر کا مظاہرہ کریں گی۔ اس مقابلہ میں دنیا بھر سے تقریباً 100 حسینائیں شرکت کررہی ہیں۔

Sound Byte

IPL

آئی پی ایل 20-20 کرکٹ میں آج شام ساڑھے سات بجے احمد آباد میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ لکھنؤ سوپر جنٹس سے ہوگا۔ ممبئی انڈینس نے کل رات ممبئی میں دہلی کیپٹلس کو 59 رن سے شکست دے کر پلے آف میں رسائی حاصل کرلی۔ بیٹنگ کیلئے پہلے مدعو کئے جانے کے بعد ممبئی انڈینس نے 20 اوورس میں پانچ وکٹ کھوکر 180 رن بنائے جواب میں دہلی کے بیاٹس مین دباؤ میں آگئے اور پوری ٹیم 18 اوور دو گیندوں میں 121 رن پر ڈھیر ہوگئی۔

TG AMRIT BHARAT:

وزیراعظم نریندر مودی نے امرت بھارت ریلوے اسٹیشن اسکیم کے تحت ملک بھر میں 103 امرت بھارت اسٹیشنوں کا افتتاح کیا جن میں تلنگانہ کے تین اسٹیشنس شامل ہیں۔ حیدرآباد کے بیگم پیٹ ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری کی گئی ہے۔ اس اسٹیشن پر صرف خاتون ملازمین متعین رہیں گی۔ بیگم پیٹ ریلوے اسٹیشن کے ساتھ کریم نگر اور ورنگل ریلوے اسٹیشنوں کا بھی افتتاح کیا گیا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کہا کہ ریاست میں آئندہ سال تک چالیس اسٹیشنوں کو ترقی دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں 600 کلومیٹر سے زیادہ ریلوے پٹری پر حادثات کی روک تھام کیلئے کاوچ نامی سسٹم نصب کیا گیا ہے۔

Sound Byte

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کریم نگر میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی جبکہ ورنگل میں منعقدہ تقریب میں بھاری صنعتوں کے مملکتی وزیر بھوپتی راجو سرینواس ورما موجود تھے۔ ان اسٹیشنوں میں اسکے لیٹرس، لفٹس، کشادہ ویٹنگ ہال اور دیگر سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔

## TRANSFERS

ریاستی حکومت نے آج 30 ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کا تبادلہ کر دیا۔ انہوں نے حیدرآباد اور سائبر آباد میں متعین سات اے ایس پیز بھی شامل ہیں۔ اسپیشل چیف سکریٹری ہوم روی گپتا نے اس سلسلہ میں حکم نامہ جاری کر دیا۔

## WEATHER

کیرالا پر آئندہ دو تا تین دن میں مانسون چھانے کیلئے حالات سازگار ہیں۔ دفتر موسمیات نے بتایا کہ اسی مدت کے دوران جنوب مغربی مانسون لکشدیپ، کیرالا، کرناٹک، ٹاملناڈو، جنوبی اور وسطی خلیج بنگال، شمالی خلیج بنگال اور شمال مشرقی ریاستوں کے چند حصوں پر مزید پیشرفت کرے گا۔ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے کئی اضلاع میں اکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش کا امکان ہے۔ ان اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران میدک میں اکا دوکا مقامات پر انتہائی شدید بارش ہوئی۔ سدی پیٹ اور سوریہ پیٹ اضلاع کے بعض علاقوں اور جگتیال، کاماریڈی، محبوب آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، رنگاریڈی اور ورنگل اضلاع میں اکا دوکا مقامات پر شدید بارش ہوئی۔

## FORMATION DAY

چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ 2 جون کو ریاست کے یوم تاسیس کی تقاریب شاندار پیمانہ پر منعقد کریں۔ انہوں نے آج ڈاکٹر بی آر امبیڈکر سکریٹریٹ میں اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ یوم تاسیس تقاریب کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ یوم تاسیس کی تقاریب سکندرآباد کے پریڈ گراونڈ پر منعقد ہوں گی۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی گن پارک پر تلنگانہ کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے بعد پریڈ گراونڈ پر منعقد ہونے والی تقاریب میں شرکت کریں گے۔ چیف سکریٹری نے پریڈ گراونڈ پر انتظامات کے سلسلہ میں عہدیداروں کو ضروری ہدایات دیں۔ انہوں نے محکمہ ثقافت سے کہا کہ وہ پریڈ گراونڈ پر فنکاروں کے مظاہرے کا انتظام کریں۔

## ENVIROMENT

مرکزی حکومت نے عالمی یوم ماحولیات سے قبل ملک گیر مہم شروع کی۔ اس عوامی مہم کا عنوان ہے 'ون نیشن، ون مشن اینڈ پلاسٹک پولوشن'۔ مرکزی وزیر ماحولیات و جنگلات بھوپندر یادو نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک ویڈیو جاری کرتے ہوئے عوام پر زور دیا کہ وہ پلاسٹک کی آلودگی کو ختم کرنے کے لئے پائیدار طرزِ زندگی اختیار کرے۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے بھاگیہ ریڈی ورما کوان کے یوم پیدائش کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ دلت تحریک کے مشعل راہ تھے۔انھوں نے کہا کہ بھاگیہ ریڈی ورما ایک سماجی مصلح تھے جنہوں نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر سے بہت پہلے مظلوموں کے حقوق کیلئے جدوجہد کی۔

HAJ

وزیر آبپاشی وسیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت سیکولرازم اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی پابند ہے۔انھوں نے کل حج ہاؤس میں عازمین حج کے قافلہ کو جھنڈی دکھائی۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ کوئی بھی ملک اپنے تمام شہریوں کو مساوی حقوق یقینی بنائے بغیر حقیقی معنوں میں ترقی نہیں کرسکتا۔انھوں نے ملک میں فرقہ پرستی کے بڑھتے ہوئے خطرہ کے خلاف انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ ملک کے سیکولر تانے بانے کے تحفظ کی آج سب سے زیادہ ضرورت ہے۔

DAY PM

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے آپریشن سندور کے تحت دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کر کے پاکستان کو منہ توڑ جواب دیا ہے۔انھوں نے کہا کہ حکومت نے مسلح افواج کو کارروائی کی آزادی دی جس کے نتیجہ میں فوج کے تینوں شعبوں میں اپنی حکمت عملی کو عملی جامہ پہنایا جس سے پاکستان گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو گیا۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان بھارت کے ساتھ راست جنگ نہیں جیت سکتا اور اسی لئے وہ دہشت گردی کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے بالواسطہ جنگ میں مصروف ہے۔وزیراعظم آج 103 امرت ریلوے اسٹیشنوں کے افتتاح کے بعد راجستھان کے بیکانیر میں ایک ریلی سے خطاب کر رہے تھے۔

Sound Byte